E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | منگل 3 نومبر 2026ء/22 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 261

1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر کے برسرروزگار، جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر

وزیراعلیٰ کا دیہی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کیلئے ''شی تھریڈ'' پروگرام کا میابی سے جاری

شاہکام انڈسٹری میں ''شی تھریڈ'' پروگرام کی ٹریننگ کا اہتمام، 18 سے 45 سالہ خواتین کے پاس پنجاب کا رہائشی/ڈومیسائل ہونا ضروری ہے

''شی تھریڈ'' پروگرام کے تحت خواتین کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہنر سکھا کر ٹیکسٹائل انڈسٹری میں روزگار بھی دیا جائیگا، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا دیہی خواتین کے لئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کے لئے نئی تھریڈ'' پروگرام کامیابی سے جاری ہے جس کے تحت 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر کے برسرروزگار ہوچکی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا۔ ''شی تھریڈ'' ٹریننگ کی تکمیل کے بعد ٹیکسٹائل ا ڈسٹری میں روزگار بھی فراہم کیا جائے گا۔ نگھ ویمن ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام ''شی تھریڈ'' پروگرام کے تحت لاہور میں دیہی علاقو ں کی خواتین کی ٹریننگ شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ٹریننگ کے بعد خواتین کو 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا۔ ''شی تھریڈ'' ٹریننگ کی تکمیل کے بعد ٹیکسٹائل ا ڈسٹری میں روزگار بھی فراہم کیا جائے گا۔ ''شی تھریڈ'' پروگرام میں دیہی خواتین کو ٹیکسٹائل سلائی مشین آپریٹر/اوپل سپروائزر ٹریننگ دی جائے گی۔ لاہور کے قریب ملتان روڈ پر واقع (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

وزیراعظم آزاد کشمیر کی حریت قیادت سے ملاقات، مسئلہ کشمیر عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد کشمیر انوار الحق کیانی حریت رہنماؤں سے ملاقات کیلئے کل جماعتی حریت کانفرنس کے دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے حریت کانفرنس کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، حریت کانفرنس کی سرگرمیوں اور مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چین کی کیڈنس پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وزیر جوہائی سنگ ملاقات کر رہے ہیں

آئل ریفائنریز نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے 15 ارب روپے کا بوجھ برداشت کیا ہے، خطے میں امن کے قیام کے لیے کوششیں بھی جاری ہیں

عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے

علی پرویز ملک

آئل ریفائنریز کے ساتھ (آج) منگل کو نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوں گے، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا ہوسکتا ہے، عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے، آئل ریفائنریز کے ساتھ (آج) منگل کو نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوں گے۔ یہ کہ یہاں وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



کراچی: جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ہم قاضی اور سندھ پینٹل ہیلتھ اتھارٹی کے ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کامران خورشید قاضی معائنہ کے مرکز کے انتظامی کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں، مریم نواز

حق کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم وتشدد بند ہونا چاہیے، وزیراعلیٰ پنجاب کا پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صحافیوں کو بلا خوف وخطر اپنے فرائض انجام دینے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، صحافیوں کا تحفظ، آزادی صحافت اور آزادی اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے، صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان سچائی کے علمبردار ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ کا ڈیلی ویجز ملازمین کے حق میں بڑا فیصلہ، مستقل

فیصلے میں کہا گیا کہ ایک جیسے حالات کے ساتھ مختلف سلوک آئین کے آرٹیکل 25 کے منافی ہو سکتا ہے

پنجاب بھر کے مزارات پر جاری ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں

داتا دربار ہسپتال کی او پی ڈی کا دورہ، علمی سہولیات میں بہتری پر بریفنگ، ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) چیئرمین اوقاف کمیٹی ملک سہیل خان نے داتا دربار ہسپتال کی او پی ڈی کا دورہ کیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے انہیں ہسپتال کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، مریضوں کے ساتھ بہتر رویہ اپنایا جائے اور ڈاکٹرز کی حاضری کا نظام مؤثر بنایا جائے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) کو نوڈل پرسن مقرر

پنجاب کے تمام اضلاع میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے

مقامی سطح پر بزنس فیسلیٹیشن کیلئے سول سیکرٹریٹ میں دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد، افتتاحی سیشن کی صدارت چیف سیکرٹری نے کی

وفاقی وصوبائی اداروں کے ماہرین نے اضران کو ڈیجیٹل سرمہر، تجارتی مواقع اور انتظامی اصلاحات سے متعلق بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اضلاع کو معاشی ترقی اور صنعت کاری کا مرکز بنانے کے لیے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے صوبہ بھر کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (ہیڈکوارٹر) کو اضلاع میں ایز آف ڈوئنگ بزنس کا نوڈل پرسن نامزد کر دیا ہے۔ انتظامی اضران کی اس ناموزگی کا بنیادی مقصد مقامی سطح پر کاروباری برادری کے مسائل فوری حل کرنا، دفتری رکاوٹیں ختم کرنا اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں ناموزگی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن محکمہ صنعت و کاروبار کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)



لاہور: سعید فراز کا شکار شوری پنے کا راڈ اٹھائے پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

ادارۂ نظریۂ پاکستان کے زیر اہتمام مفکرِ پاکستان علامہ اقبالؒ کے یوم ولادت کی تقریبات کا آج سے آغاز

لاہور (این این آئی) ادارۂ نظریۂ پاکستان کے زیر اہتمام حکیم الامت، شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان حضرت علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ کے 149 ویں یوم ولادت کے تقریبات کا آج سے باقاعدہ آغاز ہو رہا ہے۔ تقریبات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

دیہی خواتین کیلئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام ''شی تھریڈ'' منصوبہ تیار کرلیا گیا

''شی تھریڈ'' پروگرام کے تحت خواتین کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہنر سکھا کر ٹیکسٹائل انڈسٹری میں روزگار بھی دیا جائے گا۔

مریم نواز کے ''شی تھریڈ'' پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین برسرروزگار ہو جائیں گی ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہی خواتین کیلئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام ''شی تھریڈ'' روزگار ہو جائیں گی، مریم نواز نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کر دیا، وزیراعلیٰ مریم نواز کے ''شی تھریڈ'' پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر کے برسرروزگار ہو چکی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا۔ ''شی تھریڈ'' ٹریننگ کی تکمیل کے بعد ٹیکسٹائل ا ڈسٹری میں روزگار بھی فراہم کیا جائے گا۔ ''شی تھریڈ'' پروگرام میں دیہی خواتین کو ٹیکسٹائل سلائی مشین آپریٹر/اوپل سپروائزر ٹریننگ دی جائے گی۔ لاہور کے قریب ملتان روڈ پر واقع (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

عالمی تبلیغی اجتماع کے انتظامات کا جائزہ، شمس سروس فعال

اسسٹنٹ کمشنر رائے وٹو بابر علی رائے کا مختلف مقامات کا دورہ، صفائی، تجاوزات اور دیگر انتظامات کا معائنہ

رائے وٹو (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر رائے وٹو بابر علی رائے نے اسسٹنٹ کمشنر رائے وٹو بابر علی رائے نے ڈائریکٹر ایم ایم اے، حفاظت، اطمینان اور انتظامی امور کے ہمراہ مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعدد جگہوں کے لیے شمس سروس فعال کردی گئی اور اس کے روٹس و انتظامات کی بریفنگ دی گئی۔ صفائی ستھرائی، تجاوزات کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

ترمین شریفین کے دفاع ہمارے ایمان اور عقیدے کا معاملہ ہے، طاہر محمود اشرفی

بیت اللہ شریف اور مسجد نبوی شریف کی حرمت، سعودی عرب کی سلامتی اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع ہمارے ایمان اور عقیدے کا معاملہ ہے، بیت اللہ شریف اور مسجد نبوی شریف کی حرمت، سعودی عرب کی سلامتی اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستان کی حکومت اور قوم کا موقف واضح (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)



فیصل آباد: چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں 216 سرکاری آسامیوں کیلئے 31 ہزار 788 امیدواروں کے تحریری امتحانات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام مختلف محکموں کی آسامیوں کے لیے 4 روزہ تحریری امتحانات کے دوران چیئرمین پنجاب پبلک سروس کمیشن لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ محمد عبدالعزیز، ممبران پی پی ایس سی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



لاہور: اورنج لائن میٹرو ٹرین اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

ایس ای فیصکو سید محمد سلیم شاہ کی صارفین کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

ایم این اے شہباز بابر اور رانا محمد حنیف کی ڈوگہ کے مرہ اور علاقوں میں بجلی کی فراہمی اور عوامی شکایات پر اجلاس خیال



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سپرنٹنڈنگ انجینئر سرکل فیصکو سید محمد سلیم شاہ نے مختلف سیاسی ڈوگہ کے ساتھ کی ہے۔ سندری سے تعلق رکھنے والے رکن قومی اسمبلی محمد شہباز بابر اور سینیٹر رانا ثناءاللہ خاں کے کوآرڈینیٹر رانا محمد حنیف نے اپنے اپنے ڈوگہ کے ہمراہ ایس ای سرکل سرکل سے ملاقات کی، ملاقاتوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

پشاور، پی ٹی آئی دور حکومت میں سنگین مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف، 72 ارب روپے برسوالہ نشان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے دور حکومت کے دوران مالی سال 2024-25 میں اربوں روپے کی سنگین مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ مالی سال 2024-25 کے سرکاری اخراجات، ترقیاتی فنڈز اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)



کراچی: ایکسپو سینٹر میں منعقدہ فرنیچر ایکسپو 2026 سیٹلائٹ ایڈیشن کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کراچی چیمبر کے صدر دوگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

سالک حسین، جس تھانے میں کھارے ہیں، اسی میں چھپنہ نہ کریں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز نے پنجاب کے بجٹ کو مختلف اور منصفانہ طریقے سے چھوٹے شہروں تک منتقل کیا ہے

اپنی مرضی کا ایک ڈی پی او نہ لگنے پر انتہا غصہ جائز نہیں، وزیر اطلاعات کا سالک حسین کی بیان پر ردعمل

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے سالک حسین کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی مرضی کا ایک ڈی پی او نہ لگنے پر انتہا غصہ جائز نہیں ہے، مریم نواز نے پنجاب میں پسند یا ناپسند اور سفارش کی بنیاد پر فیصلوں کا کلچر ختم کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا سیکٹر J-11 میں نئی مرکز کا افتتاح

محدود اختیارات اور وسائل کے باوجود عوامی خدمت کا سفر جاری رکھیں گے

نیو کراچی کے 32 سیکٹرز میں بلاامتیاز ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، محمد یوسف

کراچی (این این آئی) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر J-11، یونین کونسل نمبر 11 میں تعمیر ہونے والی مرکز کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر چیئرمین یونین کونسل 11 فضل رحمٰن خان، وائس چیئرمین یونین کونسل 11 ظفر قریشی، ڈائریکٹر اکبر و مختلف عہدیدار، ارشمن، ڈپٹی ڈائریکٹر اکبر و مختلف محمد صدیق، پبلک ریلیشنز آفیسر نیو کراچی ٹاؤن شمیلی اختر اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

الخدمت ہسپتال کورنگی کی جدید طرز پر توسیع و تزئین، منعم ظفر خان نے افتتاح کردیا

الخدمت خدمت اور دیانت کی علامت ہے، بڑے سیلاب ہوں یا کورونا ہو الخدمت ہر میدان میں خدمت کیلئے پیش پیش ہوتی ہے

ہسپتال 20 بستروں پر مشتمل ہے، جس میں آئی سی یو، ڈائیلاسز یونٹ اور لیبارٹری کی سہولتیں موجود ہیں، یہ عوام کیلئے تحفہ ہے: امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے الخدمت ہسپتال کورنگی کی جدید طرز پر توسیع اور تزئین و آرائش کے بعد اس کا افتتاح کردیا۔ گزشتہ روز منعقد افتتاحی تقریب میں سی ای او الخدمت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

ڈاکٹر ذوالفقار احمد کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کے نام پر جعلسازایجنٹوں سے خبردار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (این این آئی) ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے تعلیمی اسناد کی تصدیق کے نام پر خود کو ایجنٹ ظاہر کرنے والے غیر مجاز افراد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

گزشتہ ماہ اکتوبر میں 44,797 ٹریفک حادثات میں 464 افراد جان کی بازی ہار گئے

پنجاب ایمرجنسی سروس 1122 نے 233,210 ایمرجنسی کالز اٹینڈ کیں، 23,542 افراد کو شدید زخمی ہونے کی وجہ سے 1,726 آف لائن کیا گیا

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروس پنجاب 1122 کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رضوان نصیر نے بتایا کہ اکتوبر 2026ء کے دوران پنجاب بھر میں پیش آنے والے 44,797 ٹریفک حادثات میں 464 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کے علاوہ 23,542 افراد کے شدید زخمی ہونے کے واقعات رپورٹ ہوئے۔ ان حادثات میں 1,726 افراد کے زخمی ہونے کے واقعات رپورٹ ہوئے جبکہ 94 افراد کے حادثات پر گواہی تشکیل کا اختیار کیا گیا۔

CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر/چیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے

وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا ہو سکتا ہے، عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے، آئل ریفائنریز کے ساتھ (آج) منگل کو نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوں گے۔ یہ کہاں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ انشورنس، لاجسٹکس اور نقل و حمل کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں جس کے اثرات پاکستانی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے اور خطے کی صورتحال کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی اہم ترجیحات میں عوام کو ریلیف دینا شامل ہے، اسی مقصد کے تحت حکومت نے فیول سبسڈی سکیم شروع کی، جس سے ایک کروڑ 30 لاکھ سے زائد صارفین فائدہ اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل کے ٹیئر ڈ ریز پریمیم میں اضافہ ہوا ہے جبکہ ریفائنریز نے گزشتہ تین ماہ کے دوران امتناع خام کمایا جو اس سے پہلے برسوں میں نہیں کمایا تھا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ مشکل وقت میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز سے تعاون کی درخواست کی گئی، جو کہ پٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافہ متوقع تھا، تاہم ریفائنریز کے تعاون سے قیمتوں کو برقرار رکھنے میں کامیابی حاصل ہوئی۔علی پرویز ملک نے کہا کہ آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو 15 روپے فی لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کے قابل ہوں گے، آج بھی پٹرول کی قیمتوں میں کچھ نہ کچھ ریلیف ملے گا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایران کا معاملہ صلح اور مذاکرات کی طرف جائے تاکہ خطے کی صورتحال بہتر ہو سکے۔اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ عوام کو مشکلات سے بچانا بہت بڑی کاوش ہے، عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی اولین ترجیح ہے۔

پاکستان اور سعودی عرب ان کا دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

پاکستان اور سعودی عرب نے توانائی، پٹرولیم، کان کنی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے وفد نے توانائی سفیر ڈاکٹر راجح بن عائض الحمی کی ملاقات میں تیل کے ذخائر کا جائزہ لگانے، ریفائنریوں کی جدید کاری، ایل پی جی کی فراہمی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور تجارتی روابط کو آسان بنانے سمیت متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مساقی تعاون، مشترکہ سرمایہ کاری اور علاقائی توانائی استحکام کے لیے زیادہ مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے بتایا کہ پاکستان نے نجکی ٹیرمینل پلانٹ 2 سٹور تنج کی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت سعودی کمپنیوں کو تجارتی بنیادوں پر پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی سہولیات قائم کرنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد پاکستان کو علاقائی توانائی تجارت میں ایک مؤثر مرکز کے طور پر ترقی دینا اور سعودی عرب کو اپنی تیل کی ترسیل کے لیے متبادل انتظامات اور محفوظ منڈیوں تک رسائی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی جدید سہولیات قائم ہونے سے سعودی عرب کو اپنی بحری ترسیل کے راستوں میں متنوع پیداکنے میں مدد مل سکتی ہے۔ بالخصوص آبنائے ہرمز اور آبنائے باب المندب سے وابستہ بحری خطرات و حمل کے خطرات کے تناظر میں متبادل ذخیرہ گاہوں اور رسدی انتظامات کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ ان سہولیات کے ذریعے ایشیائی منڈیوں تک رسائی کے امکانات بھی بہتر ہو سکتے ہیں، جبکہ پاکستان کو توانائی کی علاقائی تجارت، ذخیرہ کاری اور ترسیل کے شعبوں میں سرمایہ کاری حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی تعاون میں وسعت والی پیش رفت کو تیل کی خرید و فروخت یا سرمایہ کاری کے ایک نئے مرحلے تک محدود کر کے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ توانائی کی عالمی منڈی میں بہتر یقینی صورت حال، بحری راستوں کو درپیش خطرات اور تیل وگیس کی مسلسل بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر ریاض اور اسلام آباد کا اپنے توانائی روابط کو وسیع تر بنانے کا فیصلہ ایک فطری اقدام ہے۔ اس سے دونوں ممالک کو اپنے ذخیرہ کاری کے نظام مضبوط بنانے پر توجہ دینے پر مجبور کیا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے جغرافیائی محل وقوع، بندرگاہوں اور علاقائی راہداریوں کی صلاحیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خود کو ایک قابل اعتماد توانائی مرکز کے طور پر متوازن انداز میں متعارف کرائے۔

وفاقی وزیر نے جب، بلوچستان میں بڑے پیمانے پر ذخیرہ اور ریفائنگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق بھی سعودی سفیر کو آگاہ کیا۔ ان کے مطابق وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی معاونت سے تیار کیے جانے والے مجوزہ منصوبے میں خام تیل کے جانے والے بڑے بحری جہازوں کو لنگر انداز ہونے کی سہولت فراہم کرنے کا تصور شامل ہے۔ اس منصوبے سے پاکستان کی توانائی سے متعلق بنیادی سہولیات میں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ ملک کو وسطی ایشیائی ریاستوں اور چین علاقائی توانائی راہداری کے طور پر جڑنے دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ جب میں پٹرولیم ذخیرہ کاری اور ریفائنگ کی بڑی سہولت کا قیام عمل میں آنے سے پاکستان کو اپنے توانائی پورٹ فولیو کو متنوع بنانے اور ایک اہم علاقائی ٹرانزٹ ہب کے طور پر ابھرنے کا موقع ملے گا۔

تجزیہ بی این پی

آبنائے باب المندب سے وابستہ بحری خطرات و حمل کے خطرات کے تناظر میں متبادل ذخیرہ گاہوں اور رسدی انتظامات کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ ان سہولیات کے ذریعے ایشیائی منڈیوں تک رسائی کے امکانات بھی بہتر ہو سکتے ہیں، جبکہ پاکستان کو توانائی کی علاقائی تجارت، ذخیرہ کاری اور ترسیل کے شعبوں میں سرمایہ کاری حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی تعاون میں وسعت والی پیش رفت کو تیل کی خرید و فروخت یا سرمایہ کاری کے ایک نئے مرحلے تک محدود کر کے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ توانائی کی عالمی منڈی میں بہتر یقینی صورت حال، بحری راستوں کو درپیش خطرات اور تیل وگیس کی مسلسل بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر ریاض اور اسلام آباد کا اپنے توانائی روابط کو وسیع تر بنانے کا فیصلہ ایک فطری اقدام ہے۔ اس سے دونوں ممالک کو اپنے ذخیرہ کاری کے نظام مضبوط بنانے پر توجہ دینے پر مجبور کیا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے جغرافیائی محل وقوع، بندرگاہوں اور علاقائی راہداریوں کی صلاحیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خود کو ایک قابل اعتماد توانائی مرکز کے طور پر متوازن انداز میں متعارف کرائے۔

وفاقی وزیر نے جب، بلوچستان میں بڑے پیمانے پر ذخیرہ اور ریفائنگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق بھی سعودی سفیر کو آگاہ کیا۔ ان کے مطابق وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی معاونت سے تیار کیے جانے والے مجوزہ منصوبے میں خام تیل کے جانے والے بڑے بحری جہازوں کو لنگر انداز ہونے کی سہولت فراہم کرنے کا تصور شامل ہے۔ اس منصوبے سے پاکستان کی توانائی سے متعلق بنیادی سہولیات میں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ ملک کو وسطی ایشیائی ریاستوں اور چین علاقائی توانائی راہداری کے طور پر جڑنے دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ جب میں پٹرولیم ذخیرہ کاری اور ریفائنگ کی بڑی سہولت کا قیام عمل میں آنے سے پاکستان کو اپنے توانائی پورٹ فولیو کو متنوع بنانے اور ایک اہم علاقائی ٹرانزٹ ہب کے طور پر ابھرنے کا موقع ملے گا۔

انتخابی اصلاحات پر حکومت کی اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت، جمہوری استحکام کے لیے اتفاق رائے ناگزیر

پاکستان میں جمہوریت کا استحکام، سیاسی نظام کی ساکھ اور عوامی مینڈیٹ کا احترام ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ کمی کسی جمہوری نظام کی مضبوطی کا انحصار صرف انتخابات کے انعقاد پر نہیں ہوتا بلکہ اس امر پر بھی ہوتا ہے کہ انتخابی عمل کس قدر شفاف، غیر جانب دارانہ اور قابل اعتماد ہے۔ عوام کو اپنے ووٹ کی اہمیت اور اس کے درست شمار کنے پر جب تک یقین ہو، سیاسی جماعتیں انتخابی نتائج کو قبول کرنے کے لیے تیار ہوں اور اختلافات کی صورت میں آئینی و قانونی راستے اختیار کیے جائیں تو جمہوری ادارے مضبوط ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس انتخابات کے بعد دھاندلی کے الزامات، سیاسی محاذ آرائی اور نتائج پر عدم اعتماد کا تسلسل فوری سیاست کو غیر یقینی صورت حال سے دوچار کر دیتا ہے۔ پاکستان میں گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران انتخابی کنڈاعات اور سیاسی اختلافات نے جمہوری عمل کو بارہا متاثر کیا ہے۔ مختلف انتخابات کے بعد ہارنے والی جماعتوں کی جانب سے دھاندلی کے الزامات ماحول کو جانب دار رہے ہیں، جبکہ کامیاب ہونے والی جماعتوں کے لیے بھی تمام سیاسی قوتوں کا اتفاق حاصل کرنا ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ اس صورت حال نے سیاسی تقسیم کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ پارلیمانی نظام کی ساکھ اور تحکومتی تسلسل پر بھی اثرات مرتب کیے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انتخابی اصلاحات کو محض کسی ایک حکومت یا جماعت کا سیاسی ایجنڈا سمجھنے کے بجائے قومی ضرورت کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔

تجزیہ بی این پی

اسی تناظر میں حکومت پاکستان کی جانب سے اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات پر مذاکرات اور مشترکہ پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کی دعوت ایک اہم مثبت پیش رفت ہے۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور وزیر اعظم کے مشیر خزانہ چودھری مطابق قومی اسمبلی میں مشترکہ الیکشن ریفارمز کمیٹی کے قیام کو تحریک متحدوں کی جا چکی ہے۔ مجوزہ کمیٹی 30 ارکان پر مشتمل ہوگی، جن میں قومی اسمبلی کے 20 اور سینیٹ کے 10 ارکان شامل ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے اپوزیشن کو خط لکھے جانے کا فیصلہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر ایک وفد کی جانب سے اپوزیشن قیادت سے ملاقات اور اسے کمیٹی میں شامل ہونے کا پیغام بھیجا ہی سیاسی مشاورت کے عمل کو آگے بڑھانے کی کوشش ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عامر ڈوگر نے اس دعوت کو خوش آئند قرار دیا ہے، تاہم ان کے مطابق وزیراعظم قبول کرنے کا فیصلہ ارکان کے ناموں کو حتمی شکل دینا کا فیصلہ پارٹی کی سینئر قیادت کرے گی۔ یہ ردعمل اس اعتبار سے اہم ہے کہ انتخابی اصلاحات پر مذاکرات کے لیے دروازہ کھلنے کے بعد اب توجہ اس بات پر مرکوز ہونی چاہیے کہ سیاسی جماعتیں اس موقع سے کس طرح فائدہ اٹھاتی ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی کا قیام اسی وقت نتیجہ خیز ثابت ہو سکتا ہے جب حکومت اور اپوزیشن اسے محض سیاسی سرگرمی کے بجائے قومی مفاد کے ایک اہم فورم کی حیثیت دیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپوزیشن کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنے، جبکہ اپوزیشن کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے اختلافات کو مشترکہ اجلاسوں تک محدود رکھتے ہوئے قابل عمل اصلاحات کی صورت میں سامنے لائے۔ کسی بھی فریق کی جانب سے غیر ضروری ہٹ دھرمی یا مذاکرات سے گریز اس عمل کی افادیت کو محدود کر سکتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ محض انتخابی نتائج پر اعتراضات اٹھانے سے انتخابی نظام کی بنیادی خامیاں دور نہیں ہوتیں۔ اگر کسی جماعت کو انتخابی طریقہ کار، ووٹوں کی حتمی گنتی، انتخابی فہرستوں، انتخابی عملے کے حوالے سے حقیقی تحفظات ہیں تو ان کے حل کے لیے مؤثر قانونی اور ادارہ جاتی طریقہ کار موجود ہونا چاہیے۔ ان طریقوں کی مزید شفاف، قابل رسائی اور نتیجہ خیز بنانا سیاسی قیادت کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انتخابی عمل پر اعتماد اسی وقت بحال ہو سکتا ہے جب شکایات کے ازالے کا نظام مضبوط ہو، متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں غیر جانب داری سے ادا کریں اور تمام سیاسی جماعتوں کو قانون کے تحت یکساں مواقع میسر ہوں۔

انتخابی اصلاحات کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ ان پر اتفاق رائے وسیع تر ہو۔

پنجاب پیوٹ پروگرام۔ مریم نواز شریف کا معاشی تبدیلی، سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کا نیا روڈ میپ

پیوٹ پروگرام کی افتتاحی تقریب میں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، پاکستان بزنس کونسل کے ارکان، سرمایہ کاروں اور نمایاں صنعت کاروں کی شرکت اور کاروباری برادری کی جانب سے پروگرام کے خیر مقدم کو اہم پیش رفت قرار دیا جا سکتا ہے۔ نجی شعبے کی شمولیت کے بغیر کسی بڑے معاشی تبدیلی کے منصوبے کو مطلوبہ رفتار دینا مشکل ہوتا ہے۔ حکومت کی پالیسی سازی، بنیادی ڈھانچے، ٹائکونی تحفظ، تربیت اور کاروباری سہولت کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، جبکہ نجی شعبہ سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی، منڈیوں کے تجربے اور روزگار کی فراہمی کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کو وسعت دیتا ہے۔ دونوں کے درمیان مؤثر تعاون پیداوار، برآمدات اور صنعتی جدت میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

اس کے لیے ضروری ہوگا کہ حکومت کاروباری برادری کے ساتھ مشاورت کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھے۔ سرمایہ کاروں کے مسائل کی نشاندہی، پالیسی میں موجود رکاوٹوں کا خاتمہ، صنعتی ضروریات کے مطابق تربیت اور سرمایہ کاری کے منصوبوں پر روٹ فیملی اس اشتراک کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔

اسی طرح سرمایہ کاروں کو بھی معاشی معیشت کے ساتھ اپنی وابستگی بڑھانے، روزگار کے معیاری مواقع پیدا کرنے، کارکنوں کی تربیت اور ماحولیاتی و قانونی تقاضوں کی پابندی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ معاشی ترقی اسی وقت وسیع ترین فائدے میں تبدیل ہوتی ہے جب اس کے ثمرات صرف چند بڑے کاروباری اداروں تک محدود نہ رہیں بلکہ چھوٹے کاروباروں، پیداواری صلاحیت اور اعلیٰ معیار کے اپنے ہنر کی تیاری سے درآمدی مصنوعات پر انحصار ایک اہم معاشی چیلنج ہے۔ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافہ، ترسیل اخراجات اور علاقائی کشیدگی کی وجہ سے درآمدی تیل اور گیس پر انحصار کرنے والی صنعتیں زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ ایسے حالات میں سعودی عرب جیسے دیرینہ شراکت دار کے ساتھ مستحکم رسدی انتظامات پاکستان کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ تاہم طویل مدتی توانائی سلامتی کے لیے ضروری ہے کہ درآمدی ذرائع میں تنوع پیدا کرنے، مقامی وسائل کے مؤثر استعمال اور توانائی کے متبادل ذرائع کو فروغ دینے پر بھی توجہ دی جائے۔

ملاقات میں پاکستان کے جاری ریفائنری اپ گریڈیشن کے منصوبے پر بھی بات ہوئی جس کا مقصد ملک کو ڈیزل کی درآمد پر انحصار کم کرنا ہے۔ ایندھن کے شعبے میں سعودی سرمایہ کاری کے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اس پروگرام کے مقصد گلی ریفائنگ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانا، آپریشنل کارکردگی بہتر کرنا اور پیوٹ 5 ایندھن کے معیارات کے جانب گشتگی کو ممکن بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت سعودی سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کے لیے شراکت کے متعدد مواقع موجود ہیں۔ پٹرولیم کی جدید کاری پاکستان کی توانائی پالیسی کا اہم تقاضا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، بہتر ہنر، آسان مالی سہولتوں اور مرحلہ وار اصلاحات کے ذریعے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے میں مدد دی جانی چاہیے۔ دوسری جانب مسلسل خلاف ورزیوں اور عوامی صحت کو نقصان پہنچانے والے اقدامات کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی بھی ضروری ہے۔

خوراک کے تحفظ اور صفائی کے اصولوں پر عمل درآمد بھی معاشی ترقی کا حصہ ہے۔ غیر معیاری خوراک نہ صرف شہریوں کی صحت کے لیے خطرہ ہے بلکہ اس سے مقامی کاروباروں اور مقامی مصنوعات پر صارفین کا اعتماد بھی متاثر ہوتا ہے۔ اس لیے کاروباری اداروں کو معیاری پیداوار، صفائی، محفوظ ذخیرہ کاری اور ذمہ دارانہ کاروباری طرز عمل کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔

پیوٹ پروگرام میں سیاحت اور ڈیجیٹل معیشت کو شامل کرنا اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے۔ جدید معاشی ترقی صرف روایتی صنعتوں اور زراعت تک محدود نہیں رہی۔ ضیافت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تجارت، تخلیقی صنعتوں اور سیاحت نے بھی روزگار اور برآمدی کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں۔ پنجاب کے تاریخی مقامات، ثقافتی ورثے، روایتی دست کاریوں، مذہبی سیاحت اور ثقافتی کھانوں میں معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ اگر سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولتیں بہتر بنائی جائیں، صفائی اور تحفظ کے انتظامات کیے جائیں، ٹکٹ شہروں اور دیہی علاقوں تک بھی پہنچائے جا سکتے ہیں۔*

پیوٹ پروگرام کی افتتاحی تقریب میں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، پاکستان بزنس کونسل کے ارکان، سرمایہ کاروں اور نمایاں صنعت کاروں کی شرکت اور کاروباری برادری کی جانب سے پروگرام کے خیر مقدم کو اہم پیش رفت قرار دیا جا سکتا ہے۔ نجی شعبے کی شمولیت کے بغیر کسی بڑے معاشی تبدیلی کے منصوبے کو مطلوبہ رفتار دینا مشکل ہوتا ہے۔ حکومت کی پالیسی سازی، بنیادی ڈھانچے، ٹائکونی تحفظ، تربیت اور کاروباری سہولت کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، جبکہ نجی شعبہ سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی، منڈیوں کے تجربے اور روزگار کی فراہمی کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کو وسعت دیتا ہے۔ دونوں کے درمیان مؤثر تعاون پیداوار، برآمدات اور صنعتی جدت میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

اس کے لیے ضروری ہوگا کہ حکومت کاروباری برادری کے ساتھ مشاورت کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھے۔ سرمایہ کاروں کے مسائل کی نشاندہی، پالیسی میں موجود رکاوٹوں کا خاتمہ، صنعتی ضروریات کے مطابق تربیت اور سرمایہ کاری کے منصوبوں پر روٹ فیملی اس اشتراک کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔

اسی طرح سرمایہ کاروں کو بھی معاشی معیشت کے ساتھ اپنی وابستگی بڑھانے، روزگار کے معیاری مواقع پیدا کرنے، کارکنوں کی تربیت اور ماحولیاتی و قانونی تقاضوں کی پابندی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ معاشی ترقی اسی وقت وسیع ترین فائدے میں تبدیل ہوتی ہے جب اس کے ثمرات صرف چند بڑے کاروباری اداروں تک محدود نہ رہیں بلکہ چھوٹے کاروباروں، پیداواری صلاحیت اور اعلیٰ معیار کے اپنے ہنر کی تیاری سے درآمدی مصنوعات پر انحصار ایک اہم معاشی چیلنج ہے۔ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافہ، ترسیل اخراجات اور علاقائی کشیدگی کی وجہ سے درآمدی تیل اور گیس پر انحصار کرنے والی صنعتیں زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ ایسے حالات میں سعودی عرب جیسے دیرینہ شراکت دار کے ساتھ مستحکم رسدی انتظامات پاکستان کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ تاہم طویل مدتی توانائی سلامتی کے لیے ضروری ہے کہ درآمدی ذرائع میں تنوع پیدا کرنے، مقامی وسائل کے مؤثر استعمال اور توانائی کے متبادل ذرائع کو فروغ دینے پر بھی توجہ دی جائے۔

ملاقات میں پاکستان کے جاری ریفائنری اپ گریڈیشن کے منصوبے پر بھی بات ہوئی جس کا مقصد ملک کو ڈیزل کی درآمد پر انحصار کم کرنا ہے۔ ایندھن کے شعبے میں سعودی سرمایہ کاری کے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اس پروگرام کے مقصد گلی ریفائنگ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانا، آپریشنل کارکردگی بہتر کرنا اور پیوٹ 5 ایندھن کے معیارات کے جانب گشتگی کو ممکن بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت سعودی سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کے لیے شراکت کے متعدد مواقع موجود ہیں۔ پٹرولیم کی جدید کاری پاکستان کی توانائی پالیسی کا اہم تقاضا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، بہتر ہنر، آسان مالی سہولتوں اور مرحلہ وار اصلاحات کے ذریعے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے میں مدد دی جانی چاہیے۔ دوسری جانب مسلسل خلاف ورزیوں اور عوامی صحت کو نقصان پہنچانے والے اقدامات کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی بھی ضروری ہے۔

خوراک کے تحفظ اور صفائی کے اصولوں پر عمل درآمد بھی معاشی ترقی کا حصہ ہے۔ غیر معیاری خوراک نہ صرف شہریوں کی صحت کے لیے خطرہ ہے بلکہ اس سے مقامی کاروباروں اور مقامی مصنوعات پر صارفین کا اعتماد بھی متاثر ہوتا ہے۔ اس لیے کاروباری اداروں کو معیاری پیداوار، صفائی، محفوظ ذخیرہ کاری اور ذمہ دارانہ کاروباری طرز عمل کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔

پیوٹ پروگرام میں سیاحت اور ڈیجیٹل معیشت کو شامل کرنا اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے۔ جدید معاشی ترقی صرف روایتی صنعتوں اور زراعت تک محدود نہیں رہی۔ ضیافت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تجارت، تخلیقی صنعتوں اور سیاحت نے بھی روزگار اور برآمدی کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں۔ پنجاب کے تاریخی مقامات، ثقافتی ورثے، روایتی دست کاریوں، مذہبی سیاحت اور ثقافتی کھانوں میں معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ اگر سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولتیں بہتر بنائی جائیں، صفائی اور تحفظ کے انتظامات کیے جائیں، ٹکٹ شہروں اور دیہی علاقوں تک بھی پہنچائے جا سکتے ہیں۔*



پاکستان اپنے موجودہ ایوریج بانڈ ٹرمز کی کوئنائزیشن کا جائزہ لے رہا ہے، سینیٹر اورنگزیب

سید ذوالفقار علی شاہ نے امیر ضلع جماعت اسلامی کا حلف اٹھالیا، رقت آمیز مناظر

ایس آئی سی وی ڈی ٹنڈ محمد خان میں دل کی دھڑکن کی بے ترتیبی کے علاج کی جدید سہولتیں شروع

فیصل آباد میں ایپلائیڈ زوالوجی کی دوروزہ عالمی کانفرنس کا آغاز

GOVERNMENT COLLEGE UNIVERSITY, FAISALABAD

(DIRECTORATE OF PROCUREMENT AND INVENTORY CONTROL)

Tender Notice

Sealed Tenders are invited from reputed firms/suppliers who are registered with Sales Tax and Income Tax Departments, for the supply of following items to be delivered at Government College University, Faisalabad.

Sr.No.	Tender No.	Description	Estimated Cost (Rs.)	Closing Date & Time	Opening Date & Time
1.	882/12/2026	Supply of Furniture & Fixture for various departments of GCUF	=9,666,500/-	04-12-2026 Before 1100 Hours	04-12-2026 1130 Hours

Tender Documents can be downloaded from the websites of PPRA and GCUF. The tender must be submitted as per above scheduled on PPRA website "https://eproc.punjab.gov.pk/viewTender.aspx" before closing time after which no tender will be accepted. The tender shall be opened on same day as per PPRA website schedule in the presence of the Vendors/ Firms or their representatives who wish to attend.

The complete bids in conformity with Tender Documents should be uploaded on Punjab E-Procurement System (EP) through PPRA website as per above scheduled time.

1. The procurement shall be completed in accordance with Punjab Procurement Rules 2014, on Single Stage –Two Envelope (Technical and Financial) Bidding Procedure.
2. All bids must be accompanied by Bid Security (Refundable) at the rate of 5% of estimated Price in form of CDR/Bank Draft/ Bank Guarantee) in favor of "Treasurer GCUF". The Bid Security (in original) must be received before the closing time and date. Incomplete bids / non responsive bids, not signed and not stamped, without bid security, and any other technical reasons, submitted by other than specified mode will not be considered/entertained.
3. Income Tax and Sales Tax Registration Certificate, CNIC and other documents as mentioned in the Tender Documents must accompany the bids. Taxes will be deducted as per Government of Pakistan and Government of Punjab rules.
4. The firm should not be black listed from this organization.
5. The URL of the website of the PPRA is (https://eproc.punjab.gov.pk/viewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.
6. The University may reject all bids/proposals at any time prior to the acceptance of any bid or proposal as per PPRA Punjab rule 35. However, the grounds for rejection will be communicated on bidder request to the concerned but no justification will be given as per PPRA rule 35 (2).

IPL:11621

Director
Procurement and Inventory Control
Allama Iqbal Road Faisalabad, Phone: 041-9201468

نیلسنمبر 1

شہر قیصل آباد کی صنعتی و کاروباری رونقیں ماہر بڑی جگی ہیں پھیاں نیصد ٹیکٹائل اور کارخانے کی بندش نے بے روزگاری میں اضافہ کردیا ہے۔

نیلسنمبر 2

عمران، حماد یونس، رانا نوید خان، رانا فرہاد، رانا عدنان نصیر رانا وقار رحمانی، احمد قریشی، توصیف خٹک، فیصل رحمانی، جاوید ہاشمو، ناصر رؤف، چوہدری مسعود حیدر، ملک چاچا، نیب، سرگودھا روڈ سے رانا نوازش ماجھا، بیگ رحمانی، میاں عبدالرحمٰن، شیخوپورہ روڈ اور گوجرانوالہ کے بھٹہ مالکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور وزیٹرز معائنی نگران پر تفصیلی مشاورت کی۔

نیلسنمبر 3

کے لیے قابل قدر رہنمائی فراہم کرسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان چائنا ریسرچ سینٹر فار پارٹی ایجوکیشن گورنس کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے ادارے کے اعزازی چیئرمین کی شپ قبول کرلی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی باہمی احترام، اعتماد اور عوامی روابط کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہے جبکہ پارلیمانی اور ادارہ جاتی سطح پر تعاون اس دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ دونوں ممالک کے لازوال دوستی کا تاریخی سنگ میل ہے۔ پاک چین دوستی سیاسی وابستگیوں اور سیاسی تفریق سے بالاتر ہے اور تمام سیاسی جماعتوں میں اس حوالے سے مکمل قومی اتفاق رائے پایا جاتا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ چین کا ادارہ جاتی تسلسل، طویل المدتی منصوبہ بندی اور ترقی کا متوازن جغرافیائی و ادارہ جاتی مطالعے کا متقاضی ہے، جو ترقیات کے خاتمے، دیہی ترقی، ڈیجیٹل گورننس اور صنعتی ترقی میں چین کی پیش رفت قابل تحسین ہے جبکہ اس کے کامیاب سفوتی تجربات سے پاکستان میں عوامی خدمت کی فراہمی اور اداروں کی استعداد کار بہتر بنانے میں مدد لی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے آف پاکستان قانون سازی اور گورننس کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے تحقیق، مستند معلومات اور بہتر فیصلہ سازی پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان چائنا ریسرچ سینٹر تحقیق، پالیسی مکالمے اور عملی تعاون کے فروغ کے لیے ایک معاون ادارہ بن جائے گا۔ پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم اور نوجوانوں کے درمیان روابط اور جذبے کو مضبوط کرے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ چین کی 2.0 زراعت، صنعتی ترقی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ملٹاٹی روابط کے فروغ کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ پاک چین اقتصادی شراکت داری کے اگلے مرحلے میں سرمایہ کاری، روزگار اور ہنرمندی کے فروغ کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کیجوار یکطرفہ بیز، پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم اور نوجوانوں کے درمیان روابط اور جذبے کو مضبوط کرے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ چین کے ساتھ ہمارے تعلقات کا تقاضا ہے کہ ہم ورثی فکت آف ایکویٹ کے بہتر شکر گذار ہے۔ پرنسپل کلب آف لاہور کے بورڈ آف گورنرز جواد احمد زیدی نے واہدہ کیا تھا وہ ممبر جینڈ موو بیک کے قیادت میں وفد سے آج ان سے دو لاکھ روپے چیک کی صورت میں وصول کرلیے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ سلسلہ یہاں ختم نہیں ہوگا بلکہ قیصل آباد ڈویژن میں جتنے بھی ادارے کام کررہے ہیں ان کو ہم ورثی مدد کریں گے۔ ہم ورثی فکت آف ایکویٹ کے صوبہ بھر میں کام کررہے ہیں۔ ہم ورثی

بجلی، دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ پاور لومز انڈسٹری کو تباہ کردیگا، اخلاق خرم

پاور لومز کی بندش سے جہاں لاکھوں صنعتی مزدور بے روزگاری کے باعث فاقہ کشی پر مجبور ہیں وہیں حکومت کو بھی ریونیو کی مد میں بھاری نقصان ہو رہا ہے

دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ایکسپورٹ کی بندش جیسے مسائل نے اس صنعت کا بیڑا غرق کر دیا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن رانا خرم اخلاق مچ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بجلی اور دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ پاور لومز انڈسٹری کو تباہ کردیگا۔ بجلی گیس کی قیمتوں میں بے جا اضافے نے ملکی معیشت کا پہیہ جام کر دیا ہے بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو موت کے منہ میں دھکیل دیا ہے، لاکھوں گھرانے اس روزگار سے وابستہ ہیں۔ ملکی حالات کی سنگین سیاسی و معاشی بحرانی کیفیت نے شدید مالی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے پاور لومز کی بندش سے جہاں لاکھوں صنعتی مزدور بے روزگاری کے باعث فاقہ کشی پر مجبور ہیں وہیں حکومت کو بھی ریونیو کی مد میں بھاری نقصان ہو رہا ہے۔ دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ایکسپورٹ کی بندش جیسے مسائل نے اس صنعت کا بیڑا غرق کر دیا ہے پاور لومز کی بندش غریب تنگ دست محنت کش مزدوروں کے گھروں میں فاقہ کشی کا راج قائم ہو گیا ہے انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل برآمدات کے حوالے سے 40 فیصد سے زائد حصہ کا حامل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

کمشنر نہری پانی چوری کے سدباب کیلئے سرگرم

کسانوں کو میزان میں نہری پانی کی ٹیل تک فراہمی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، حلقہ محکمے اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں اور پانی چوری میں ملوث بڑے مگرمچھوں کو نکیل ڈالیں

نچلی سطح پر نمبرداروں کو بھی متحرک کیا جائے اور کسانوں سے رابطوں کا سلسلہ بڑھائیں جو متعلقہ محکموں کی ایکسائز اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی سے مطمئن ہونے چاہئیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) زیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر کمشنر آفس فیصل آباد ڈویژن میں نہری پانی چوری کے سدباب اور کسانوں کو ٹیل تک پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے سرگرم ہے۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (نفوذ سمیت، محکمہ انہار، محکمہ زراعت اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو تانوکوئی سرکلو میں ایکشن اور ایکشن کی رپورٹ روزانہ فراہم کرنے کا حکم دیا۔ کمشنر نے واضح کیا کہ کسانوں کو میزان میں نہری پانی کی ٹیل تک فراہمی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں سے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں اور پانی چوری میں ملوث بڑے مگرمچھوں کو نکیل ڈالیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ترجیح، ملکی ترقی کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، محسن نقوی

سعید بے پاکستانی کاروباری شخصیات بھی اسی طرح ملک میں سرمایہ کاری کریں گی اور نئے کاروباری سیٹ اپ قائم کریں گی



لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملکی ترقی کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہیلتھ ریگس امریکن سینٹر آف ایکسیلنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ تقریب میں شرکت ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی ایک امریکی کمپنی کے لیے کام کر چکے ہیں اور اس شعبے کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں، رات کے اوقات میں جاگ کر کام کرنا کتنا مشکل ہوتا ہے، وہ اس تجربے کو سمجھتے ہیں۔

گندم کے نئے سیزن کیلئے 4500 روپے فی من قیمت کا اعلان خوش آئند، رانا احمد شہریار

صوبے میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی معاشی بہتری کیلئے مزید موثر مواقع پیدا ہوں گے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے ایم پی اے رانا احمد شہریار خاں، تاجر لیڈر شیخ محمد ہارون، چوہدری طارق جانباز نے کہا کہ گندم کے نئے سیزن کیلئے 4500 روپے فی من قیمت کا اعلان کسانوں کے اعتماد، بہتر زرعی منصوبہ بندی اور زرعی معیشت کے استحکام کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر پروگرام، زرعی مشینری پر سہولتی، زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن اور دیگر زرعی سہولتیں کاشتکاروں کو بااختیار بنانے اور جدید زراعت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

کوئلہ مافیا نے بھٹہ انڈسٹری کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، رانا فرمان خاں

کوئلہ مافیا کی من مانیوں اور بے لگام قیمتوں نے نہ صرف اس صنعت کو فلج کر دیا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) بھٹہ مالکان ایسوسی ایشن شیخوپورہ روڈ کے صدر رانا فرمان خان نے کوئلے کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئلہ مافیا نے من مانے ریٹس مقرر کر کے بھٹہ انڈسٹری کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم پاکستان سے فوری نوٹس لینے اور کوئلے کی قیمتیں کم کر کے فکس کرنے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھٹہ مالکان کے ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سینئر نائب صدر رانا فلک شیر خاں، چوہدری ساجد پشوت، حاجی میاں شہباز، رضوان حسین رحمانی، رانا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

پاکستان اور چین کے درمیان پارلیمانی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور تجربات کے تبادلے کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان پارلیمانی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور تجربات کے تبادلے کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، چین کا طرز حکمرانی، ادارہ جاتی ترقی اور معاشی تجربات پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



فیصل آباد: وفاقی زیر مواصلات عبدالعلیم خان کی سابق سینئر صوبائی وزیر چوہدری نثار الدین ناں اور سابق ایم پی اے چیئرمین انتقال کنلی جناب چوہدری علی اختر ناں کی، باکلاکا آمد پر ایم این اے شعیب صدیقی صوبائی صدر، جناب راشد یار خان، ضلعی صدر فیصل آباد رانا طارق نمبردار، سابق صدر چیمبر آف کامرس احتشام جاوید، چوہدری سلطان علی ورک کے ہمراہ استقبال اور ملاقات کر رہے ہیں

روٹری کلب آف لائلپور کا جھنگی ماڈل سکول کو 2 لاکھ روپے کا عطیہ

جنید محمود بیگ، سید محمد شرجیل اور حبیب الرحمٰن گل کا دورہ، خانہ بدوش بچوں کو تعلیم و ہنر سے آراستہ کرنے کا عزم

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) روٹری کلب آف لائلپور کے بورڈ آف گورنر کے زیر اہتمام صدر روٹیرین جنید محمود بیگ کی قیادت میں تین رکنی وفد نے جھنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کا دورہ کیا۔ اس وفد میں سیکرٹری روٹیرین سید محمد شرجیل اور فنانس سیکرٹری روٹیرین حبیب الرحمٰن گل شامل تھے۔ وفد نے جھنگی ماڈل سکول کے مختلف حصوں کا وزٹ کیا۔ چیئرمین جھنگی تعلیمی فاؤنڈیشن مبشر حسین چاند سے ملاقات کے دوران خانہ بدوش طلبہ و طالبات کے مسائل پر بات چیت کی۔ حسب وعدہ جھنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کے لئے مبلغ دو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

ایم کیو ایم نئے صوبوں کی تحریک کی قیادت کرے گی، انتظامی یونٹس ملک کا مقدر بن چکے، خالد مقبول صدیقی

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان کے وسائل اور اقتدار کو گلی محلوں تک پہنچانا ہوگا، ایسی جمہوریت کی ضرورت نہیں جس کے ثمرات عام پاکستانیوں تک نہ پہنچیں۔ ملک میں جاگیردارانہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

موجودہ عالمی حالات، پاک ترکیہ تعلقات کی اہمیت بڑھ گئی، اشتیاق بٹ

دونوں ممالک نے ہمیشہ مشکل حالات میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) صدر پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ پی پی 111 اشتیاق بٹ نے ترکیہ کے یوم جمہوریہ کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان، ترک پارلیمان، حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ترک قوم کی جمہوری جدوجہد، قومی عزم اور ترقی کے لیے غیر متزلزل وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین تعلقات اخوت، باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک نے ہمیشہ مشکل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

لاہور: وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روٹری کلب آف لائلپور کا جھنگی ماڈل سکول کو 2 لاکھ روپے کا عطیہ

جنید محمود بیگ، سید محمد شرجیل اور حبیب الرحمٰن گل کا دورہ، خانہ بدوش بچوں کو تعلیم و ہنر سے آراستہ کرنے کا عزم

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) روٹری کلب آف لائلپور کے بورڈ آف گورنر کے زیر اہتمام صدر روٹیرین جنید محمود بیگ کی قیادت میں تین رکنی وفد نے جھنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کا دورہ کیا۔ اس وفد میں سیکرٹری روٹیرین سید محمد شرجیل اور فنانس سیکرٹری روٹیرین حبیب الرحمٰن گل شامل تھے۔ وفد نے جھنگی ماڈل سکول کے مختلف حصوں کا وزٹ کیا۔ چیئرمین جھنگی تعلیمی فاؤنڈیشن مبشر حسین چاند سے ملاقات کے دوران خانہ بدوش طلبہ و طالبات کے مسائل پر بات چیت کی۔ حسب وعدہ جھنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کے لئے مبلغ دو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

سندھی مسلم فوڈ واک کا افتتاح، کراچی میں فوڈ ٹورازم اور شہری ترقی کے نئے امکانات روشن ہوں گے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھی مسلم فوڈ واک جدید، منظم اور متحرک کراچی کے وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ 25 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ محض خوبصورتی کا منصوبہ نہیں بلکہ شہری سہولیات، تجارتی سرگرمیوں اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق ایم کیو ایم پاکستان کے مؤقف کی ملک گیر پذیرائی کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) مظلوم عوام کے حقوق اور نئے انتظامی یونٹس و صوبوں کے قیام سے متعلق متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے آئینی مؤقف کو ملک بھر سمیت کراچی میں بھی پذیرائی مل رہی ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیو ایم پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، احسان طاہر

ملک بھر کے تاجر ملکی معیشت اور سرکاری محاصل کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سٹی نائب صدر جمعیت علماء اسلام (ف) سینئر نائب صدر نکاح آسان موومنٹ سرپرست اعلیٰ سراج اکبر ویلفیئر سوسائٹی لائیز یکٹو ممبر تحریک سنت نکاح رجسٹرڈ چوہدری احسان اللہ طاہر نے کہا ہے کہ اگر حکومت چاہتی ہے کہ ملک میں صنعت و تجارت پروان چڑھے اور صنعتوں کا پہیہ چالو رہے تو اسے ملک کی بزنس کمیونٹی کو مشاورت میں شامل کرنا ہوگا کیونکہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ملک بھر کے تاجر ملکی معیشت اور سرکاری محاصل کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں لیکن انہیں وہ سہولت حاصل نہیں جسکی یہ حقدار ہیں۔

پنجاب پولیس جرائم پر قابو پانے میں ناکام ہو چکی ہے، عثمان سعید

ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں نے شہریوں کی زندگیوں کو اجیرن بنا رکھا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستانی مانچسٹر کے نامور بیگ تاجر لیڈر محمد عثمان سعید نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس جرائم پر قابو پانے میں ناکام ہو چکی ہے عوام جائیں تو جائیں کہاں اور کس سے داد فریاد کریں پاکستان کا تیسرا بڑا شہر ترقیاتی اور اقتصادی طور پر بحرانوں کی زد میں آ چکا ہے۔ شہری اپنی عزت، جان و مال اور کاروبار سے پریشان ہیں فیصل آباد کے شہری چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کا جس قدر شکار ہو رہے ہیں اس کی مثال کہیں نہیں ملتی عوام کے جان و مال اور عزت و آبرو بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں پاکستانی مانچسٹر کے نامور بیگ تاجر لیڈر محمد عثمان سعید نے کہا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

مریم نواز کا پنجاب پیوٹ منصوبے کا اجرا خوش آئند، توصیف نواز

یہ منصوبہ صوبے میں صنعتی، زرعی اور معاشی ترقی کے نئے امکانات پیدا کرے گا



فیصل آباد (پ ر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ فیصل آباد توصیف نواز خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے پنجاب انوویشن فار ویلیو، اپرچونٹی اینڈ ٹرانسفارمیشن (پیوٹ) اکنامک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

وی آئی پی روٹس کے علاوہ پورا شہر فلیتھ ڈیپو بنا ہوا، مظہر صدیق

واسا کے اہلکاروں کی غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے گلیاں محلے اور پارک تعفن زدہ ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان و انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے نائب صدر و جائنٹ سیکرٹری اور کٹ پیس کلاتھ بورڈ ٹاٹا بازار کے وائس چیئرمین مرزا مظہر صدیق بیگ نے کہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کی غفلت و انتہائی دوٹوک ہدایات کے باوجود صاف ستھرا پنجاب کا دعویٰ دھرے کا دھرا رہ گیا فیصل آباد میں VVIP روٹس کے علاوہ اس وقت پورا شہر فلیتھ ڈیپو بنا ہوا ہے اور واسا کے اہلکاروں کی غفلت و (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

پاکستان عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے، ملک مجدد

معرکہ حق میں کامیابی کے بعد وطن عزیز کو سفارتی محاذ پر بھی نمایاں پذیرائی ملی ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق سیکرٹری فنانس انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی ملک مجدد سلیمان نے کہا ہے کہ آج یہ امر باعث فخر ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے، معرکہ حق میں کامیابی کے بعد وطن عزیز کو سفارتی محاذ پر بھی نمایاں پذیرائی ملی ہے اور پاکستان کا عالمی تشخص مزید مستحکم ہوا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں پاکستان کی اپنی صلاحیتوں، قومی اتحاد اور عزم کے ذریعے دنیا کو اپنی اہمیت کا احساس دلایا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

مریم نواز کی کارکردگی صرف نک ٹوک پر نظر آ رہی ہے، رائے شہادت

ایک طرف مہنگائی کا جن بے قابو ہے تو دوسری جانب سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولتوں کا فقدان ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے تحصیل صدر و امیدوار ایم پی اے PP100 رائے شہادت خاں کھرل بتحصیل جنرل سیکرٹری عرفان اکرم چٹھہ و عہدیداران نے کہا کہ ایک طرف مہنگائی کا جن بے قابو ہے تو دوسری جانب سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولتوں کا فقدان ہے پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کی کارکردگی صرف نک ٹوک پر نظر آ رہی ہے جڑانوالہ کا ٹی ایچ کیو ہسپتال طبی سہولیات کی کمی کا شکار، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

حکمران بلدیاتی الیکشن سے راہ فرار اختیار کر رہے ہیں، شکور گجر

منیر کراچی مرتضی وہاب جس طرح سے کراچی کے شہریوں کی خدمت کر رہے ہیں وہ ایک مثال بن چکی ہے

ن لیگ اگر اپنے آپ کو ایک مقبول جماعت سمجھتی ہے تو پھر اس کو یہ انتخابات کروانے پڑیں گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ پنجاب واحد صوبہ ہے کہ جہاں کے حکمران بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار راستے تلاش کر رہے ہیں۔ منیر کراچی مرتضی وہاب جس طرح سے کراچی کے شہریوں کی خدمت کر رہے ہیں وہ ایک مثال بنچلی ہے بلدیاتی انتخابات کی نہ ہونا پنجاب میں اس کا الیکشن لڑنے والے لوگوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے ن لیگ اگر اپنے آپ کو ایک مقبول جماعت سمجھتی ہے تو پھر اس کو یہ انتخابات کروانے پڑیں گے پیپلز پارٹی الیکشن کمیشن سے فوری شیڈول جاری کرنے کا مطالبہ کرتی ہے۔ چوہدری شکور گجر نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

شہر بھر کی تاجر برادری ٹیکسوں کی بھرمار سے ذہنی اذیت کا شکار، اکرم پاشا

مہنگائی کے پرفتن دور میں تاجر برادری پس کر رہ گئی، کاروبار نہ ہونے کے برابر جبکہ ٹیکسوں کی بھرمار



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاٹما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ شہر بھر کی تاجر برادری ٹیکسوں کی بھرمار کی وجہ سے ذہنی اذیت کا شکار ہے مہنگائی کے پرفتن دور میں تاجر برادری پس کر رہ گئی، کاروبار نہ ہونے کے برابر جبکہ ٹیکسوں کی بھرمار، فیسکو نے بھی دکانداروں سے کم از کم ایک ہزار روپے بطور اہم ٹیکس کی مد میں بجلی کے بلوں میں وصول کرنا شروع کر دیئے ہیں جبکہ دیگر سرکاری محکموں کی طرف سے تاجروں سے مختلف اقسام کے درجن بھر ٹیکس وصول کیے جا رہے ہیں جسکی وجہ سے تاجر برادری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

سندھ سٹیزن فورم 2026ء، مہران یونیورسٹی کے سٹی اینڈ ریجنل پلاننگ شعبے کا منصوبہ پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب

جامشورو (این این آئی) مہران یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (MUET) کے شعبہ سٹی اینڈ ریجنل پلاننگ (CRP) کے منصوبے نے سندھ سٹیزن فورم 2026ء میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ مقابلے میں خطے کے مختلف اداروں اور شرکاء کی جانب سے متعدد منصوبے پیش کیے گئے۔

پاکستان میں جاگیردارانہ جمہوریت اور خاندانی سیاست کی مزید گنجائش نہیں، خالد مقبول صدیقی

کراچی (این این آئی) چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں جاگیردارانہ جمہوریت اور خاندانی سیاست کی مزید گنجائش نہیں، عوام کو حصہ لینا چاہیے۔ مہر قائد میں تقریب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

شاہراہ فیصل بند کرنے کی دھمکیاں جمہوری نہیں، دہشت گردانہ طرز عمل ہے، شرجیل میمن

سندھ اسمبلی صوبوں کے معاملے پر اپنا مؤقف قرارداد کے ذریعے دے چکی ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اختلاف رائے ہر سیاسی جماعت کا حق ہے، تاہم شہریوں کو یرغمال بنانے کا دور گزر چکا ہے۔ شاہراہ فیصل بند کرنے اور لوگوں کو راستوں سے نکلنے نہ دینے کی دھمکیاں جمہوری نہیں بلکہ دہشت گردانہ طرز عمل ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ جمہوریت کے نام پر تقسیم کی باتیں کرنا اور پھر اسی جمہوریت کے ثمرات کی دہائی دینا مضحکہ خیز ہے۔ کسی بھی سیاسی جماعت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عوام کے راستے بند کرے اور شہریوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ ڈالے۔

خواجہ شاہد رزاق سکا اور انکی ٹیم کے دیگر تمام ساتھیوں کا دامن کھلی کتاب، طالب صدیق

دن رات کی محنت رواداری، جذبہ، لگن اور کامیابی کا نام ہی مرکزی تنظیم تاجران پاکستان ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے سینئر وائس چیئرمین الحدیدہ کمرشل مارکیٹ گیشل مل روڈ کے سرپرست اعلیٰ مرزا طالب صدیق بیگ نے اللہ تعالیٰ سے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سرپرست اعلیٰ و سیاسی وابستگی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

صدر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد خواجہ شاہد رزاق سکا کی مکمل صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ شاہد رزاق سکا اور انکی ٹیم کے دیگر تمام ساتھیوں کا دامن کھلی کتاب ہے جو مشکل حالات اور

جیکب آباد میں مسلح تصادم، دو خواتین سمیت چار افراد جاں بحق؛ وزیر داخلہ سندھ کا سخت نوٹس

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے جیکب آباد میں دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم اور فائرنگ کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی جیکب آباد سے فوری طور پر تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔

ہر آواز کو سختی سے خاموش کروانا یا سخت سزاؤں کا آزمودہ نسخہ بار ہا ناکام ثابت ہو چکا ہے، سعدیہ رفیق

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما خواجہ سعدیہ رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان کے بعض حصوں میں جبری گمشدگیوں کے دیرینہ مسئلے، سیاسی مخالفین کی گرفتاریوں یا دیگر ریاستی اقدامات پر تنقید کرنے والوں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

عوامی محرومیاں ابھی تک جوں کی توں ہیں، اصغر باجوہ

دکانداروں کا کہنا ہے کہ وہ اتنا زیادہ ٹیکس کسی صورت میں بھی ادا نہیں کر سکتے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی کے معروف تاجر لیڈر حاجی اصغر علی باجوہ نے کہا کہ عوامی محرومیاں ابھی تک جوں کی توں ہیں غریب آدمی ٹیکسوں کی بھرمار سے پریشان ہے پنجاب حکومت عوام پر ٹیکس پر ٹیکس لگا رہی ہے جو کہ افسوس ناک ہے کوڑا ٹیکس کی وصولی اپنی جگہ پر مگر فیصل آباد شہر اور خاص طور پر گردونواح کے علاقوں میں صفائی ستھرائی کا نظام انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔ ستھرا پنجاب اتھارٹی کوڑا ٹیکس کی مد میں کروڑوں روپے اکٹھا کرے گی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ صفائی ستھرائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)



میٹنگ ڈائریکٹر واسا ثاقب رضا بریو ڈائریکٹوریٹس کے اجلاس کے دوران ریکوری کا جائزہ لے رہے ہیں

مہنگائی نے سفید پوش طبقے کا جینا محال کر دیا، پیپلز لیبر بیورو

لال حسین راشد، سید علی اکبر کاظمی اور میاں ارشد نعیم کا ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی اور عوام کو ریلیف دینے کا مطالبہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، سٹی صدر پی ایل پی سید علی اکبر کاظمی چندے شاہ نے کہا ہے کہ خود ساختہ مہنگائی نے سفید پوشوں اور عام آدمی کا جینا محال کر دیا ہے غریب عوام اشیاء خورد و نوش، سبزیاں پھل فروٹ صرف دیکھ سکتے ہیں خرید نہیں سکتے سردیوں میں LPG گیس کی قیمتیں بلا جواز بڑھا دی جاتی ہیں گرمیوں میں غریب عوام کو بجلی کے آفٹر شاک لگائے جاتے ہیں زبانی کلامی دعوں سے کچھ نہیں حاصل ہوگا روز بروز مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آنا شروع ہو گیا ہے۔

مارکیٹ میں دگنے داموں ایل پی جی کی فروخت تشویشناک، اصغر قیصر

بلیک مارکیٹ میں ملوث ناجائز منافع خوروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق مشیر داخلہ ملک اصغر علی قیصر ایڈووکیٹ، پی پی یو رپ کے نائب صدر رانا محسن خاں نے کہا کہ بدقسمتی سے اوگرا نے بھی 15 روپے فی کلو ایل پی جی گیس کا ریٹ بڑھا کر ظلم کیا ہے سرکاری ریٹ میں بے جا اضافہ قابل مذمت ہے اب LPG گیس کی قیمت 650 سے لے کر 700 روپے فی کلو تک بڑھنے کا اندیشہ پیدا ہو چکا ہے ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ ناجائز منافع خور مافیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

آوارہ کتے کا چھ سالہ بچی پر وحشیانہ حملہ، چہرے کا گوشت نوچ لیا

شدید زخمی مقدس کو انڈس اسپتال بدین منتقل کر دیا گیا، ویکسینیشن کے بعد پلاسٹک سرجری کے لیے کراچی منتقل کرنے کی ہدایت

بدین (این این آئی) ضلع بدین میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں مسلسل اضافے کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ تازہ واقعے میں بدین کی اتفاق کالونی میں آوارہ کتے نے چھ سالہ معصوم بچی مقدس پر حملہ کر کے اس کے چہرے کو بری طرح نوچ ڈالا، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق مقدس، جو صلاح الدین خاکسیلی کی بیٹی ہے، کو فوری طبی امداد کے لیے انڈس اسپتال بدین منتقل کیا گیا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق بچی کو ضروری ویکسینیشن فراہم کر دی گئی ہے، تاہم چہرے پر گہرے زخموں کے باعث اسے پلاسٹک سرجری کے لیے کراچی کے انڈس اسپتال منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

قلبی سکون صرف اللہ تعالیٰ سے دل لگانے میں ہے، امجد اقبال

درود پاک دل کے سکون کی کنجی ہے، جس دل میں درود پاک ہوتا ہے وہ دل کبھی مایوس نہیں ہوتا

فیصل آباد (پ ر) حیدر آباد شہر کے روحانی مرکز کے معروف مذہبی رہنما محمد شاہد غوری انجمن آرائیاں پنجاب (رجسٹرڈ) کے نائب صدر میاں امجد اقبال کی عیادت کیلئے ان کی رہائش گاہ پر پہنچے، میاں امجد اقبال نے بزرگ رہنما محمد شاہد غوری کا والہانہ استقبال کیا انہیں مالائیں پہنائیں اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، فضاء درود و سلام سے معطر ہو گئیں، اس موقع پر آرائیں یوتھ ونگ پنجاب کے صدر میاں ابوبکر جواد، میاں زاہد جاوید، میاں محمد شاہد، محمد طلحہ، میاں محمد طاہر و دیگر شخصیات بھی موجود تھیں، محمد شاہد غوری نے میاں امجد اقبال اور ان کے رفقاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ قلبی سکون صرف اللہ تعالیٰ سے دل لگانے میں ہے، یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ اللہ تعالیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

عطائیت کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری

سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد محمود نے ٹیم کے ہمراہ مکوآنہ میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کلینک اور لیبارٹری کو سیل کر دیا

انسانی جانوں سے کھیلنے، غیر قانونی طبی سرگرمیوں اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر